فوری ریلیز کے لیے: 28/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

پرائڈ منتھ کے دوران، گورنر HOCHUL نے نیو یارک کی +LGBTQ کمیونٹی کی حمایت کے عزم کی دوبارہ توثیق کی

گورنر Hochul نے ریاست کی متحرک +LGBTQ کمیونٹی کی حمایت میں نیو یارک سٹی پرائڈ مارچ کے دوران نیو یارک کے باشندوں کے ساتھ مارچ کیا

ریاست نے +LGBTQ نوجوانوں کے لیے خصوصی بحرانی مشاورت کی خدمات کے لیے $1.8 ملین مختص کیے

ریاست گیر +LGBTQ قانونی ہیلپ لائن اور وسائل پر مبنی ویب سائٹ بنائے جانے کے لیے $500,000 کا اعلان کیا

لورینا بورجس ٹرانس جینڈر اینڈ نان بائنری ویلنس اینڈ ایکوٹی فنڈ کو وسعت دے کر $16 ملین سے زائد کر دیا، جس سے یہ فنڈ ملک میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا فنڈ بن گیا

2026 کی +LGBTQ کنوئننگ کے لیے ورکشاپ کے تجاویز ناموں کی درخواستیں کھولیں

پرائڈ منتھ کی خوشی میں نیو یارک بھر کے اہم مقامات پر چراغاں کیا جائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج کئی توسیع شدہ اقدامات کا اعلان کیا جن کا مقصد نیو یارک کے +LGBTQ باشندوں کے لیے حمایت میں اضافہ کرنا ہے، جن میں +LGBTQ نوجوانوں اور ٹرانس جینڈرز، کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والوں، اور غیر مشابہ جنس والی کمیونٹیز (TGNCNB) کی معاونت کے لیے اضافی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ اس سال کے نافذ کردہ بجٹ میں $1.8 ملین کی سرمایہ کاریاں +LGBTQ نوجوانوں کو خصوصی بحرانی مشاورت فراہم کرنے اور مقامی 988 کرائسس کونسلرز کو +LGBTQ نوجوانوں کے مسائل کے بارے میں تربیت دینے کے لیے شامل ہیں، تاکہ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ کی جانب سے سوسائڈ اینڈ کرائسس لائف لائن کے +LGBTQ نوجوانوں کے خصوصی خدمات کے منصوبے (Suicide & Crisis Lifeline's LGBTQ+ Youth Specialized Services Program) کی فنڈنگ ختم کر دیے جانے کے باوجود جان بچانے والی خدمات تک رسائی یقینی بنائی جا سکے۔

"نیویارک +LGBTQ تحریک کی جائے پیدائش ہے، اور مجھے اس پر بے حد فخر ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جب پورے امریکہ میں +LGBTQ کے حقوق پر حملے کیے جا رہے ہوں، تو نیو یارک خاموش تماشائی بن کر نہیں بیٹھے گا۔ ہم ہمیشہ اپنی +LGBTQ کمیونٹی کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مساوات کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے، کیونکہ خود کو محفوظ محسوس کرنا ایک بنیادی انسانی حق ہے۔ ہم آج ان حقوق کے لیے کھڑے ہیں، اور مستقبل میں بھی ہمیشہ ان حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔"

اس حمایت کو مزید مضبوط بناتے ہوئے، نافذ شدہ بجٹ میں ریاست گیر +LGBTQ قانونی ہیلپ لائن اور وسائل پر مبنی ویب سائٹ کی تیاری کے لیے $500,000 بھی شامل کیے گئے ہیں، تاکہ موجودہ وفاقی انتظامیہ کے قانونی اور

پالیسی حملوں کا نشانہ بننے والے نیو یارک کے LGBTQ+ باشندوں کو مفت قانونی مشورہ اور کمیونٹی کے وسائل فراہم کیے جا سکیں۔

ٹرانس جینڈرز، غیر مشابہ جنس والے، اور کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کی ضروریات کو مزید پورا کرنے کے لیے، لورینا بورجس ٹرانس جینڈر اینڈ نان بائنری ویلنس اینڈ ایکوٹی فنڈ کی فنڈنگ میں پانچ لاکھ ڈالرز کا اضافہ کیا گیا، جس سے اس فنڈ کی مجموعی رقم $16 ملین سے تجاوز کر گئی ہے، اور یہ اپنی نوعیت کا ملک کا سب سے بڑا فنڈ بن گیا ہے۔

ریاست نیو یارک LGBTQ+ کی تاریخ اور فعالیت پسندی کی ایک مضبوط بنیاد پر کھڑی ہے اور شہری حقوق کی کئی برسوں کی پیش رفت اور وکالت کو ختم کرنے کی وفاقی حکومت کی کوششوں کے خلاف سرگرم ہے۔ اس سال کے آغاز میں، جب وفاقی حکومت نے اسٹون وال نیشنل پارک سے پرائیڈ کے پرچم ہٹا کر اس تاریخ کو نشانہ بنانے اور مٹانے کی کوشش کی، تو گورنر Hochul (ہوکل) نے کامیابی کے ساتھ اس اقدام کی مخالفت کی اور اسٹون وال بغاوت کی تاریخ کو اجاگر کیا۔

بطور LGBTQ+ کے حقوق کی وکالت کرنے والی ایک قومی رہنماء، گورنر Hochul (ہوکل) یہ یقینی بنانا جاری رکھے ہوئے ہیں کہ نیو یارک کے LGBTQ+ باشندوں کے لیے نیو یارک ایک محفوظ اور جامع گھر رہے۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر نے LGBTQ+ نوجوانوں کے لیے نیو یارک کو ایک محفوظ پناہ گاہ بنانے کے لیے قانون سازی کی حمایت کی ہے اور مزید تحفظ فراہم کرنے کے لیے شیلڈ لاء 2.0 پر دستخط کیے ہیں۔

اس کام کو مزید وسعت دینے کے لیے، گورنر کا دفتر برائے LGBTQ+ امور اس وقت 2026 کی LGBTQIA+ کنوینگ کے لیے ورکشاپ کے تجاویز نامے وصول کر رہا ہے، جو منگل، 15 ستمبر 2026 کو البنی، نیو یارک میں Empire State Plaza Concourse میں منعقد ہو گی۔ یہ سالانہ تقریب، جو اپنے پانچویں سال میں داخل ہو رہی ہے، مختلف ریاستی اداروں کے پالیسی سازوں اور سرکاری عہدیداروں کو ایک جگہ جمع کرتی ہے تاکہ وہ حامیوں سے براہِ راست ریاست کی LGBTQ+ کمیونٹی کو درپیش اہم ترین ضروریات کے بارے میں سن سکیں اور ان مجوزہ اقدامات سے آگاہ ہو سکیں جو ریاست نیو یارک ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اختیار کر سکتی ہے۔

آج رات، کل، اور 30 جون کو ان اہم ریاستی مقامات پر پرائڈ پرچم کے مختلف رنگوں سے چراغاں کیا جائے گا:

اتوار، 28 جون:

- WTC 1
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

پیر، 29 جون:

- WTC 1
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

منگل، 30 جون:

- WTC 1
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل
- مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق (Division of Human Rights) کی کمشنر Denise M. Miranda (ڈینیس ایم مرانڈا)، ایسکائر نے کہا، "پرائڈ منتھ کے دوران ہم نیو یارک کے +LGBTQ باشندوں کی طاقت، خوشی اور ثابت قدمی کا جشن مناتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) کے آج کے اقدامات سب کے لیے مساوات اور تحفظ کے حوالے سے ریاست نیو یارک کے غیر متزلزل عزم کو اجاگر کرتے ہیں۔ ڈویژن برائے انسانی حقوق میں، ہم امتیازی سلوک کی روک تھام اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نیو یارک کے ہر باشندے کے ساتھ وہ عزت اور احترام کا رویہ اختیار کیا جائے جس کے وہ مستحق ہیں، ہر دستیاب ذریعے کو استعمال کرتے رہیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Erik Bottcher (ایرک بَوچر) نے کہا، "یہ ہمیشہ ایک غیر معمولی اعزاز ہوتا ہے کہ ہم محبت اور اپنی اصل شناخت کے جشن میں ہماری سڑکوں پر مارچ کرنے والے لاکھوں نیو یارک کے باشندوں کے ساتھ فخر منائیں۔ مجھے اس ڈسٹرکٹ کی نمائندگی کرنے پر خاص طور پر فخر ہے جہاں Stonewall Inn واقع ہے — جو جدید +LGBTQ شہری حقوق کی تحریک کی جائے پیدائش ہے۔ اسٹون وال ان ہمیں روزانہ یہ یاد دلاتا ہے کہ پیشرفت کبھی بھی یقینی نہیں ہوتی اور ہر نسل کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس کا دفاع کرے۔ فخر ہماری پیشرفت کا جشن بھی

ہے اور عمل کے لیے ایک پکار بھی ہے۔ ایسے وقت میں جب ملک بھر میں ٹرانس جینڈر نوجوانوں اور LGBTQ+ کمیونٹیز کو مسلسل حملوں کا سامنا ہے، نیو یارک کو ہمت اور ہمدردی کے ساتھ قیادت کرتے رہنا چاہیے۔ میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے LGBTQ+ نوجوانوں کی ذہنی صحت کی خدمات میں نئی سرمایہ کاری، ٹرانس جینڈر اور کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کے لیے توسیع شدہ معاونت، اور ہماری کمیونٹی کے لیے مضبوط قانونی تحفظات کے ذریعے اس عزم کی دوبارہ توثیق کی ہے۔ ہم مل کر ایک واضح پیغام دے رہے ہیں: نیو یارک ایک ایسی جگہ ہے جس سے ہر شخص کا تعلق ہے، اور ہم مساوات کے لیے اپنی جدوجہد کبھی نہیں روکیں گے۔"

رکن اسمبلی Deborah Glick (ڈیبورا گلِک) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) LGBTQ+ کمیونٹی کی مستقل حامی رہی ہیں۔ گورنر نے ریپبلکن پارٹی کی جانب سے آنے والی اس بدنام کرنے کی مہم کا مقابلہ کیا ہے، جو دائیں بازو کی سیاست کے شدید انتہا پسند عناصر کو اپنا چکی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) مسلسل یہ ثابت کر رہی ہیں کہ ریاست نیو یارک تمام نیو یارک کے باشندوں کے لیے ہے، چاہے وہ کسی سے بھی محبت کرتے ہوں یا ان کی صنفی شناخت کچھ بھی ہو، مجھے ان کے ساتھ کھڑے ہونے پر فخر ہے۔"

رکن اسمبلی Harry Bronson (ہیری برونسن) نے کہا، "پرائڈ اس حق کے جشن کا نام ہے کہ ہر شخص امتیاز، جبر یا تنقید کے خوف کے بغیر اپنی حقیقی شناخت کے ساتھ کھلے، نمایاں اور آزادانہ طور پر زندگی گزار سکے۔ LGBTQ+ حقوق کی تحریک کی جائے پیدائش اور اسٹون وال مانیومنٹ کا گھر ہونے کے ناطے، نیو یارک نہ صرف انسانی حقوق کے دفاع بلکہ ان کے فروغ میں بھی ایک قابلِ فخر ریکارڈ رکھتا ہے۔ دیگر ریاستوں اور وفاقی سطح پر ہماری LGBTQ+ کمیونٹی، خصوصاً ہمارے ٹرانس جینڈرز، غیر مشابہ جنس والے اور کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والے بہن بھائیوں کے خلاف حملوں کے باوجود، نیو یارک ہمیشہ سب کے انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کرتا رہے گا۔ ہم نے اس سال کئی اہم کامیابیاں حاصل کیں تاکہ لوگ اپنی حقیقی شناخت کے ساتھ کھلے اور آزادانہ طور پر زندگی گزار سکیں، جن میں شیلڈ لاء 2.0، LGBTQ+ نوجوانوں کے لیے کرائسس ہیلپ لائن کی فنڈنگ اور 988 کرائسس کونسلرز کی تربیت شامل ہیں، اور سب سے اہم یہ کہ ہم نے یقینی بنایا کہ ٹرانس جینڈرز، غیر مشابہ جنس والے اور کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والے (TGNCNB) نیو یارک کے باشندوں کے پاس محفوظ اور آزاد زندگی گزارنے کے لیے ضروری وسائل اور معاونت موجود ہو۔ ابھی بہت کام کیا جانا باقی ہے، اور ہم سب مل کر مساوات، مواقع اور انصاف کو ہر ایک کے لیے مزید فروغ دینے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔"

رکن اسمبلی Jessica González-Rojas (جیسیکا گونزالز روجس) نے کہا، "ایسے وقت میں جب LGBTQIA+ کمیونٹیز، خصوصاً ٹرانس جینڈرز، کسی ایک جنس سے خود کو منسوب نہ کرنے والے اور غیر مشابہ جنس والے نیو یارک کے باشندے، وفاقی حکومت کی مسلسل یلغار کا سامنا کر رہے ہیں، نیو یارک ایک واضح پیغام دے رہا ہے: آپ کا یہاں سے تعلق ہے، اور ہم آپ کے لیے لڑیں گے۔ یہ سرمایہ کاریاں محض بجٹ کی مدات نہیں ہیں، بلکہ زندگی بچانے والی سہولیات ہیں۔ LGBTQ+ نوجوانوں کے لیے خصوصی بحرانی خدمات کی بحالی، ایک ریاست گیر قانونی ہیلپ لائن کے قیام، اور لورینا بورجس ٹرانس جینڈر اینڈ نان بائنری ویلنس اینڈ ایکوٹی فنڈ کی توسیع کے ذریعے، ہم یقینی بنا رہے ہیں کہ ہماری کمیونٹیز کو وہ معاونت، تحفظ اور وقار حاصل ہو جس کے وہ مستحق ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کے ان اہم سرمایہ کاریوں کو آگے بڑھانے کے عزم اور اس حقیقت کو تسلیم کرنے پر ان کی شکر گزار ہوں کہ ہماری سلامتی، صحت اور انسانیت کوئی قابلِ بحث موضوع نہیں ہیں۔ ہم مل کر کام جاری رکھیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کا ہر LGBTQIA+ باشندہ کھلے دل سے، محفوظ طریقے سے اور اپنی ترقی و خوشحالی کے لیے درکار وسائل کے ساتھ زندگی گزار سکے۔"

رکن اسمبلی Tony Simone (ٹونی سیمون) نے کہا، "ملک بھر میں LGBTQ+ کمیونٹی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ نیو یارک کے باشندوں اور امریکیوں کی حیثیت سے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ہر ممکن کوشش کریں تاکہ ایک ایسی محفوظ پناہ گاہ فراہم کی جا سکے جہاں تمام لوگ ظلم و ستم سے آزاد ہوں، نگہداشت صحت تک رسائی حاصل کر سکیں، اور باعزت زندگی گزارنے کے متحمل ہو سکیں۔ ہم اسی مقصد کے لیے مارچ کرتے ہیں اور اس کے لیے اپنی جدوجہد کبھی نہیں روکیں گے۔"

جدید +LGBTQ حقوق کی تحریک کی جائے پیدائش ہونے کے ناطے، ریاست نیو یارک، ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے سیاحت (Division of Tourism) کے ذریعے، جو امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا حصہ ہے، سال بھر +LGBTQ مسافروں کو خوش آمدید کہتی ہے۔ سنہ 2012 میں تخلیق کردہ، I LOVE NY LGBTQ+ اقدام ریاست بھر میں تقریبات اور منازل کو فروغ دیتا ہے، اس سیزن کے سفر کو 100 سے زیادہ پرائیڈ تقریبات کے ریاست گیر کیلنڈر کے ساتھ منسلک کرتا ہے۔ مزید معلومات، بشمول سفری ہدایات اور بلاگز، iloveny.com/lgbtq پر دستیاب ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں